علاقوں کے اردو داں طبقوں کے لیے زیادہ وسیع انداز سے پیش کی جارہی ہے۔

ڈاکٹر صاحب جذبہ ایمانی' مطالعہ اسلام' شوق خدمت اسلام' شستہ گفتاری اور شائستہ کرداری جیسی خوبیوں سے آراستہ ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان کی مرتبہ کتاب کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

(ن - ص)

قرآنی اور مسنون دعائیں: تدوین و تحقیق از سید شبیر احمد' ترتیب و تہذیب از ڈاکٹر محمد علی زرقاء' ناشر: "قرآن آسان تحریک" (رجسٹرڈ)' ۱۳-اے' ۲ ایجوکیشن ٹاؤن' وحدت روڈ لاہور (کوڈ ۵۴۵۷۰) - قیمت حسبِ حیثیت۔

سید شبیر احمد جو ایک مدت تک ادارۂ معارفِ اسلامی (منصورہ) میں کام کرتے ہوئے اپنی شفقتوں سے نوازتے رہے' انھیں میں نے ایک عرصہ تک سچے دینی جذبے سے ایسے چھوٹے چھوٹے کتابچے اور مفید لٹریچر مرتب کرتے ہوئے دیکھا جو آسان زبان میں خواص و عوام سب کے لیے ایمان کے آبیاری کرنے والا ہے۔ مثلاً ایک چیز انھوں نے مرتب کی "حزبِ اعظم" جو سائز کے لحاظ سے جیبی ہے اور اس میں قرآن کی ایسی منتخب آیات و عبارات مع ترجمہ پیش کی گئی ہیں کہ ان کا روزانہ یا وقتاً" فوقتاً" وظیفہ (باقاعدہ مطالعہ) کیا جائے کہ مصائب اور پریشانیوں میں حزبِ اعظم سے بڑا سہارا ملتا ہے۔ پھر موصوف نے ایک نئے انداز سے سورۃ بقرہ کا ترجمہ پیش کیا۔ اب دعاؤں کی یہ کتاب ہمارے سامنے ہے۔

اس میں قرآنی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسنون دعائیں جمع کی گئی ہیں۔ پیش لفظ' مشورے اور ہدایات' دعا اور فضیلت دعا' آدابِ دعا' قبولیتِ دعا کے اوقات' وہ لوگ جن کی دعا جلد قبول ہوتی ہے' قبولیتِ دعا کے مقامات' ذکرِ الٰہی اور فضیلتِ ذکر' نبی کریم پر صلوۃ و سلام میں بہت ہی قیمتی اور مستند معلومات بہ سلسلۂ دعا جمع کی گئی ہیں۔ انداز سادہ مگر عالمانہ ہے۔ پھر قرآنی دعائیں اور مسنون دعائیں درج کی گئی ہیں۔ آخر میں اسی حزبِ اعظم جس کا ذکر میں نے پہلے کیا ہے۔

تقویت ایمان اور تسکین دل کے لیے یہ جیبی سائز کا کتابچہ ۲۵۶ صفحات کا ہے اور طباعتی لحاظ سے بہت اچھا۔ انداز" سائز ۳/۴ ۵" x ۴ ۱/۴" ہوگا۔ (ن - ص)